
Primary and Secondary Healthcare Department

# MYTH BUSTERS

# COVID-19




## افواہ

کوروناوائرس گرمی کے موسم میں نہیں پھیلتا


## جواب

کوروناوائرس کے پھیلاؤ کا موسمی تبدیلی یا گرمی
کے موسم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔



کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے
دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ
ڈھانپیں۔

# COVID-19



## افواہ

گرم پانی سے نہانے یا ہاتھ دھونے سے کورونا وائرس ختم ہو جاتا ہے


## جواب

جی نہیں۔ کورونا وائرس کے خاتمے کا گرم پانی کے استعمال سے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔



کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

# COVID-19



## افواہ

کورونا وائرس مچھر کے کاٹنے سے پھیلتا ہے

## جواب


جی نہیں مچھر کے کاٹنے سے نہیں بلکہ کورونا وائرس
کھانسی یا چھینک کی چھینٹوں سے پھیلتا ہے۔



مچھر ڈینگی، زیکا اور ملیریا کے پھیلاؤ کا باعث ہیں۔

کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں
اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

# COVID-19




## افواہ

کورونا وائرس مکھیوں سے پھیلتا ہے


## جواب

کورونا وائرس کھانسی یا چھینک کی چھینٹوں سے پھیلتا ہے۔

اگر مکھی مریض کی بلغم یا آلودہ جگہ پر بیٹھ کر دوسری جگہ بیٹھتی ہے تو وائرس کی منتقلی کو رد نہیں کیا جا سکتا۔




کورونا سے بچاؤ کے لئے مریض کی تھوک، بلغم وغیرہ کو احتیاط سے جمع کر کے تلف کریں۔ ہاتھ صابن سے دھوئیں اور کھانستے / چھینکتے وقت منہ کہنی سے ڈھانپیں



# COVID-19

## افواہ

## ماسک کا استعمال کورونا سے بچاؤ کا مؤثر طریقہ ہے




### جواب

ماسک کا استعمال پہننے والے کے منہ اور ناک سے نکلنے والی چھینٹوں کو روکتا ہے۔

کھانسی کے مریض کو چاہیئے کہ ماسک پہنے تاکہ دوسرے اسکے جراثیموں سے محفوظ رہیں۔

صحت مند افراد کو ماسک پہننا ضروری نہیں۔ کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

# COVID-19




## افواہ

پیاز، ادرک اور لہسن کے استعمال سے کورونا وائرس کا علاج ممکن ہے

## جواب

پیاز، ادرک یا لہسن کے استعمال کے کورونا کے علاج میں افادیت کے کوئی شواہد نہیں۔




گھریلو ٹوٹکے مثلاً "شہد، ادرک کا قہوہ، جوشاندہ وغیرہ کا استعمال فلو، گلا درد وغیرہ میں آسودگی کے احساس کے طور پر استعمال کیئے جاسکتے ہیں۔

کورونا کے مشتبہ افراد کا طبی معائنہ ہسپتال سے ضرور کروائیں

ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب

حکومت پنجاب



# COVID-19

## افواہ


## کورونا لاعلاج مرض ہے

### جواب

کورونا کے مریض کا علامات کے مطابق ہسپتال میں علاج ممکن ہے۔ تاہم خود علاجی کے لئے کسی دوائی کی سفارش نہیں کی جاتی۔


کورونا کے مشتبہ افراد کا طبی معائنہ ہسپتال سے ضرور کروائیں اور ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں۔

# COVID-19



## افواہ

فلو یا نمونیا سے بچاؤ کی ویکسین کورونا سے بچاؤ کے لئے بھی استعمال کی جا سکتی ہے




## جواب

جی نہیں۔ فلو یا نمونیا سے بچاؤ کی ویکسین کا ستعمال کورونا سے بچاؤ میں کوئی کردار ادا نہیں کرتی۔

فلو یا نمونیا سے بچاؤ کی ویکیسن کا استعمال مناسب طور پر ان بیماریوں سے بچنے کے لئے کرنا چاہیئے۔

کورونا سے بچاؤ کے لیئے ہاتھ صابن سے دھونے کے اصول پر عمل کریں

# COVID-19




## افواہ

## کورونا کی وبا معیشت کو نقصان پہنچانے کا ڈھونگ ہے

جواب


کورونا وائرس کے وبا عالمی سطح پر تصدیق شدہ ہے اور معیشیت کو نقصان پہنچانے کے ڈھونگ کے طور پر نہیں لینا چاہیئے کیونکہ اس وبا سے انسانی جان کو خطرہ ہے




البتہ کورونا کی وجہ سے عالمی سطح پر کاروبار کو دھچکا لگا ہے۔ صنعتی مصنوعات کی درآمد یا برآمد کے ذریعے کورونا کے جراثیم کی منتقلی کا کوئی شواہد نہ ہے۔ اشیاء کو اٹھاتے، رکھتے وقت مریض سے جراثیم اسکی سطح کو آلودہ کرسکتے ہیں لہٰذا احتیاط کریں۔

کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

## COVID-19



# افواہ

## وضو کورونا وائرس سے بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتا ہے

### جواب


وضو کے دوران ناک کے صفائی نتھنوں میں اٹکے جراثیموں کے صفائی میں کردار ادا کرتی ہے۔



کورونا کے وائرس نظام تنفس کے زیریں حصوں میں بھی موجود ہوتے ہیں اور ان کا اخراج مریض کے صحت مند ہونے تک جاری رہتا ہے۔ ایسی صورت میں وضو کے دوران ناک کی صفائی کورونا کے پھیلاؤ میں ناکافی ہے۔ مریض کو ماسک استعمال کرنا چاہیئے اور دیگر لوگوں سے ملنے میں احتراز برتنا چاہیئے

کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

# COVID-19



## افواہ


کورونا وائرس کا پھیلاؤ ہوٹلوں، شادی گھروں، سینما گھروں تک محدود ہے۔
گھر کے سطح پر لوگوں کو شادی بیاہ کے فنکشن کے لئے دعوت دی جاسکتی ہے

## جواب

کورونا وائرس کے منتقلی کے امکان کسی بھی جگہ پر زیادہ تعداد میں لوگ اکٹھے ہونے پر ہوسکتا ہے۔ لہٰذا احتیاط کا تقاضا ہے کہ کسی بھی جگہ پر لوگ اکٹھے نہ ہوں۔ بلاضرورت بازار یا شاپنگ مال پر بھی نہ جائیں۔



کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔



# COVID-19

## افواہ


مسجدوں، درباروں یا مذہبی مناسبت رکھنے والے مقامات
پر کورونا وائرس نہیں پھیلتا

## جواب

کسی بھی جگہ پر اکٹھے ہونے والے لوگوں میں اگر کسی ایک شخص میں
بھی وائرس موجود ہو تو وہ لاعلمی میں دوسرے لوگوں تک منتقل کر سکتا
ہے۔



کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے
وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔



# COVID-19

## افواہ

زندگی موت اور صحت بیماری سب اللہ کی مرضی ہے۔ کوروناوائرس کچھ نہیں


## جواب

اللہ تعالیٰ کی حاکمیت برحق ہے مگر انسان کو اللہ تعالیٰ نے شعور دیا ہے تاکہ وہ اپنی، اپنے عزیزواقارب، ہمسایوں اور قوم کی صحت کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرے۔ کوروناوائرس کے پھیلاؤ سے آگہی اور اس سے بچاؤ کے لئے تدابیر کرنا ضروری ہے جس کے لئے مذہب بھی تنبیہ کرتا ہے۔



کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔

# COVID-19



## افواہ

## کوروناوائرس حرام جانوروں کا گوشت کھانے اور دین سے دوری کا انجام ہے



## جواب

کوروناوائرس کی ابتدا کس جانور سے ہوئی، اس کے بارے مکمل معلومات دستیاب نہیں تاہم اس کے پھیلاؤ کے حوالے سے حلال حرام جانوروں کے گوشت سے مناسبت ٹھیک نہیں۔ موجودہ حالات میں یہ حقیقت ہے کہ کوروناوائرس مریض سے دوسرے لوگوں تک منتقل ہو رہا ہے۔ لہٰذا احتیاط کریں

کورونا سے بچاؤ کے لئے ہاتھ بار بار صابن سے دھوئیں اور کھانستے یا چھینکتے وقت کہنی سے منہ ڈھانپیں۔